ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((481

23.09.24

**بہاولپور( )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں اورڈی پی او اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے گزشتہ 15 روز میں سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد ملزمان کوگرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں اورڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ 15 روز میں سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 59 مقدمات درج رجسٹرڈ کرکے 59 ملزمان کو بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 13 کلو 890 گرام چرس، 1305 گرام کرسٹل آئس، ڈیڑھ من سے زائد بھنگ،1243 لیٹر شراب اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن عمل میں لاتے ہوئے 31 مقدمات درج کرکے ملوث ملزمان کے قبضہ سے 04 عدد رائفل، 25 عدد پسٹل 30 بور، 02 عدد ریوالور 32 بور، 02 عدد ریپیٹر/ بندوق اور 01 عدد کلاشن برآمد کرلی۔اسی طرح مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروئیاں عمل میں لاتے ہوئے A کیٹگری کے 56 اور B کیٹگری کے 228 سمیت کل 284 مجرمان اشتہاری گرفتار کئے جبکہ عدالتی مفروران کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے بہاولپور پولیس نے کل 15 ملزمان کو گرفتار کیا۔اس حوالے سے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف خصوصاً منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے بہاولپور پولیس کی گزشتہ 15 روز کی کارکردگی رپورٹ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (482)

23.09.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،35 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کرکے رپورٹ پیش کریں،تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی،شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 35 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کرکے براہ راست جواب طلبی کی۔کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کرکے مدعی مقدمہ کے حوالے کرکے رپورٹ جمع کروائیں۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں